# سندھ ایکٹ نمبر XII مجریہ ۱۹۸۵

# SINDH ACT NO.XII OF 1985

## سندھ کے وزراء کی (تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات) (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۵

# THE SINDH MINISTERS (SALARIES, ALLOWANCES AND PRIVILEGES) (AMENDMENT) ACT, 1985

## (CONTENTS) فہرست


تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VIII کی دفعہ 3-A کی ترمیم

Amendment of section 3-A of Sindh Act VIII of 1975

۳۔ ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VIII کی دفعہ ۵ کی ترمیم

Amendment of section 5 of Sindh Act VIII of 1975

۴۔ ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VIII کی دفعہ٦ کی ترمیم

Amendment of section 6 of Sindh Act VIII of 1975

۵۔ ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VIII کی دفعہ ٦-A کی ترمیم

Amendment of section 6-A of Sindh Act VIII of 1975

٦۔ ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VIII کی دفعہ۷ کی ترمیم

Amendment of section 7 of Sindh Act VIII of 1975

۷۔ ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VIII کی دفعہ ۱۰ کی ترمیم

Amendment of section 10 of Sindh Act VIII of 1975

۸۔ ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VIII کی دفعہ ۱٦ کی ترمیم

Amendment of section 16 of Sindh Act VIII of 1975

# سندھ ایکٹ نمبر XII مجریہ ۱۹۸۵

# SINDH ACT NO.XII OF 1985

## سندھ کے وزراء کی (تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات) (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۵

## THE SINDH MINISTERS (SALARIES, ALLOWANCES AND PRIVILEGES) (AMENDMENT) ACT, 1985

[۸ جنوری ۱۹۸۶]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ کے وزراء کی (تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات) ایکٹ، ۱۹۷۵ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ کے وزراء کی (تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات) ایکٹ، ۱۹۷۵ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اس کو اس طرح بنا کر نافذ کیا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ کے وزراء کی (تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات) (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۵ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا اور ۱۰ مارچ ۱۹۸۵ کے بعد وزیراعلیٰ کی طرف سے پہلی دفعہ آفیس سنبھالنے والی تاریخ سے نافذ سمجھا جائے گا۔

۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VII کی دفعہ 3-A کی ترمیم
Amendment of section 3-A of Sindh Act VII of 1975

۲۔سندھ کے وزراء (تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات) ایکٹ، ۱۹۷۵ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۳-A کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہوگا:

"(اکئیپمنٹ الاؤنس) ۳-A۔ وزیراعلیٰ یا وزیر، اپنے

ایسے پہلی مرتبہ انتخاب پر اکئپمنٹ الاؤنس تین ہزار اور پانچ سو روپے اور تین ہزار روپے ترتیبوار حاصل کریں گے۔

بشرطیکہ اکئپمنٹ الاؤنس حاصل نہیں کیا جا سکے گا اگر اسی مقصد کے لیئے اسیمبلی کی مدت کے دوران، پیشگی طور پر وزیراعلیٰ، وزیر، اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر کے طور پر مقرری پر حاصل کر چکا ہو۔

۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VII کی دفعہ ۵ کی ترمیم
Amendment of section 5 of Sindh Act VII of 1975

۳۔مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۵ میں، الفاظ "تین ہزار روپے ہوں گے" کےلیئے الفاظ "ترتیبوار چھہ ہزار روپے اور پانچ سو روپے ہوں گے" متبادل ہوں گے۔

۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VII کی دفعہ٦ کی ترمیم
Amendment of section 6 of Sindh Act VII of 1975

۴۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ٦ میں، الفاظ "دو ہزار روپے اور ایک ہزار روپے اور پانچ سو روپے" کے لیئے الفاظ "چار ہزار روپے اور تین ہزار روپے" متبادل ہوں گے۔

۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VII کی دفعہ A-٦ کی ترمیم
Amendment of section 6-A of Sindh Act VII of 1975

۵۔مذکورہ ایکٹ کی دفعہ A-٦ کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہوگا:

"(صوابدیدی گرانٹ) A-٦۔ (۱) ایک وزیر اپنی صوابدید پر سال کے دوران پچاس ہزار روپے تک گرانٹس کر سکتا ہے۔

(۲)گرانٹس کے اکاؤنٹس سالانہ اکاؤنٹنٹ جنرل سندھ یا اس کی طرف سے نامزد کردہ کی طرف سے آڈٹ کیئے جائیں گے۔"۔

۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VII کی دفعہ۷ کی ترمیم
Amendment of section 7 of Sindh Act VII of 1975

٦۔مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۷ میں:

(a)ذیلی دفعات (۱)، (۲) اور (۳) کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہوگا:

"(۱)وزیراعلیٰ یا وزیر، جیسے معاملہ ہو، اس کو اس کی عہدے کی ایک مدت کے دوران ایک مفت آراستہ سرکاری رہائش فراہم کی جائے گی:

بشرطیکہ ایک وزیر کی سرکاری رہائس کی آسائش پر خرچہ پچاس ہزار روپے سے زائد نہیں ہوگا۔

"(۲)جہاں ایک وزیر کو سرکاری رہائش نہیں فراہم کی گئی یا وہ خانگی رہائش اختیار کرنے کو ترجیح دیتا ہے تو، اس کو آٹھ ہزار روپے اپنے گھر کی صورت میں دیا جائے گا یا ادا کیا جانے والا حقیقی کرایا، زیادہ سے زیادہ آٹھ ہزار روپے ماہانہ کرائے پر لیئے گئے گھر کی صورت میں دیا جائے گا، اور اضافی طور پر بیس ہزار روپے کی رقم گھر کی آسائس کے لیئے فقط ایک مرتبہ دس مارچ ۱۹۸۵ کے بعد اسیمبلی کی مدت کے دوران پہلی مرتبہ وزیر یا اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر کے طور پر انتخاب پر یا نئی اسیمبلی کے انتخاب پر دیا جائے گا۔

(۳)سرکاری رہائس میں فراہم کردہ سامان کا معیار چیف سیکریٹری، مالیات سیکریٹری اور سیکریٹری کمیونیکیشنز اینڈ ورکس ڈپارٹمنٹ پر مشتمل ایک کمیٹی کے فیصلے کے تحت ہوگا۔

(b)ذیلی دفعہ (٦) کے بعد مندرجہ ذیل وضاحت کا اضافہ کیا جائے گا:

"وضاحت: اس دفعہ کے مقصد کے لیئے "آسائش" میں شامل ہے کمروں کے قسم اور استعمال کے حساب سے فرنیچر، ڈیکوریشن پیسز، بشمول تصویروں اور پینٹنگس، پردوں کے اور کمروں بشمول لاؤنجز اور براندوں کی فلور کارپیٹنگ"۔

۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VII کی دفعہ ۱۰ کی ترمیم

Amendment of section 10 of Sindh Act VII of 1975

۷۔مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۱۰ کی ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ "ایک سو روپے" کے لیئے الفاظ "ایک سو اور پچیس روپے" متبادل ہوں گے۔

۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VII کی دفعہ ۱٦ کی ترمیم

Amendment of section 16 of Sindh Act VII of 1975

۸۔مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۱٦ میں ذیلی دفعہ (۲) کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہوگا:

"(۲)وزیراعلیٰ یا وزیر ، جیسے معاملہ ہو، اس کو تنخواہ کے برابر چھٹی کا الاؤنس دیا جائے گا۔"۔

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**